اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

کمپنی کے تمام اراکین کو بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ (" کمپنی") کے اراکین کا 31 واں سالانہ عمومی اجلاس بروز بدھ، 28 اکتوبر 2026ء، صبح 11:30 بجے بحریہ گرینڈ ہوٹل اینڈ ریزورٹ، کینال بینک روڈ، ایگزیکٹو لاجز، سیکٹر بی، بحریہ ٹاؤن، لاہور میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل امور زیرِ غور لائے جائیں گے:

معمول کے کاروباری امور

1۔ 28 اکتوبر 2025ء کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ عمومی اجلاس کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ان کے ساتھ آڈیٹرز کی رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ وصول کرنا، ان پر غور کرنا اور انہیں منظور کرنا۔

3۔ 30 جون 2027ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے لیے بیرونی حسابات کے جانچ کنندگان کی تقرری کرنا اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔

آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے حسابات کے جانچ کنندگان، مشتاق اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جنہیں دوبارہ تقرری کے لیے قانونی طور پر اہل ہونے کے باعث اپنی دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے، کو دوبارہ مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

دیگر کاروباری امور

4۔ چیئر کی اجازت سے کوئی بھی دیگر کاروباری امور انجام دینا۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے حکم سے

زوہیب یونس

کمپنی سیکریٹری

لاہور

مورخہ: 07 اکتوبر 2026ء

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

وضاحتی نکات

1۔ جون 2026,30ء کوختم ہونے والے مالی سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ان کے ساتھ چیئرمین کی جائزہ رپورٹ ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ وصول کرنے، ان پر غور کرنے اور انہیں منظور کرنے کے لیے پیش کیا جائے گا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 223(6) کے مطابق اور S.R.O.389 (I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کے تحت، کمپنی کے مالیاتی گوشوارے درج ذیل ویب لنک/ کیو آر کوڈ کے ذریعے ملاحظہ کیے جاسکتے ہیں:

SCAN ME

2۔ کمپنی کی حصص کی منتقلی کی کتابیں 21 اکتوبر 2026ء سے 28 اکتوبر 2026ء تک دونوں ایام سمیت بند رہیں گی۔ کمپنی کے حصص رجسٹرار حمید مجید اوسیٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، ایچ ایم ہاؤس، 7- بینک سکوائر، لاہور، کے پاس بدھ اکتوبر 2026,21ء کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والی طبعی یا سی ڈی ایس کے ذریعے حصص کی منتقلی کو سالانہ عمومی اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

3-S.R.O.452(I)2025/ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے نوٹیفکیشن نمبر کی تعمیل کے سلسلے میں کمپنی تصدیق کرتی ہے کہ اجلاس کے دوران کسی قسم کے تحائف تقسیم نہیں کیے جائیں گے۔

4۔ تمام اراکین کو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حق حاصل ہے۔ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل کوئی بھی رکن اپنی طرف سے شرکت اور ووٹ دینے کے لیے کسی دوسرے رکن کو اپنا وکیلِ نمائندہ (پراکسی) مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کو مؤثر بنانے کے لیے ضروری ہے کہ اجلاس کے انعقاد کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرادی جائے۔

سنٹرل ڈپازٹری کمپنی کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو پاکستان سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی جانب سے مقرر کردہ درج ذیل ہدایات پر بھی عمل کرنا ہوگا۔

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:

- انفرادی افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہوں اور جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق جمع کرائی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔
- کسی ادارے/ کمپنی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، جس پر نامزد نمائندے کے نمونہ دستخط موجود ہوں، اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا، بشرطیکہ یہ دستاویز پہلے جمع نہ کرائی گئی ہو۔

ب۔ پراکسی مقرر کرنے کے لیے:

- انفرادی افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں موجود ہوں اور جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضوابط کے مطابق جمع کرائی گئی ہوں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔
- پراکسی فارم پر دو افراد کی بطور گواہ تصدیق ضروری ہوگی، اور ان گواہوں کے نام، پتے اور قومی شناختی کارڈ نمبرز پراکسی فارم پر درج کیے جائیں گے۔

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

- حقیقی مالکان اور پراکسی کے قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہوگا۔ پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔
- کسی ادارے/کمپنی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/مختار نامہ، جس پر نمونہ دستخط موجود ہوں، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرانا ہوگا، بشرطیکہ یہ پہلے جمع نہ کرایا گیا ہو۔

5۔ کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 223 کے تقاضوں کی تعمیل میں اور S.R.O•389 (I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023ء کے تحت، کمپنی نے سالانہ رپورٹ 2026ء ویب لنک، کیو آر کوڈ اور ای میل کے ذریعے اراکین کو برقی صورت میں فراہم کر دی ہے۔ وہ حصص یافتگان جو مذکورہ دستاویزات کی کاغذی نقول حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ کمپنی کی ویب سائٹ www.escortsbank.net پر دستیاب مقررہ درخواست فارم کمپنی سیکریٹری/حصص رجسٹرار کو ارسال کر سکتے ہیں۔ کمپنی درخواست موصول ہونے کے ایک ہفتے کے اندر مذکورہ دستاویزات حصص یافتگان کو ان کی درخواست پر بلا معاوضہ فراہم کرے گی۔

6۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 4 برائے 2021ء کے تقاضوں کی تعمیل میں کمپنی نے اراکین کو ویڈیو لنک کے ذریعے عمومی اجلاس میں شرکت کی سہولت بھی فراہم کی ہے۔

وہ حصص یافتگان جو ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، وہ اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل درج ذیل معلومات ای میل info@escortsbank.net

ای میل ایڈریس	موبائل نمبر	فولیو نمبر	شناختی کارڈ نمبر	کمپنی	نام شیئر ہولڈر
				ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ	

ایسکارٹس انویسٹمنٹ بینک لمیٹڈ

براہِ کرم نوٹ کریں کہ ویڈیو لنک اور لاگ اِن کی تفصیلات صرف ان اراکین/نامزد پراکسیز کو فراہم کی جائیں گی جن کی ای میل اور دیگر مطلوبہ معلومات مذکورہ بالا مقررہ وقت کے اندر موصول ہو جائیں گی۔

الف) اجلاس کا ویڈیو لنک اراکین کے فراہم کردہ ای میل پتوں پر ارسال کیا جائے گا، جس کے ذریعے وہ مقررہ تاریخ اور وقت پر اجلاس میں شرکت کر سکیں گے۔

ب) شرکاء کو شناختی عمل مکمل کرنے کے بعد اجلاس میں شامل ہونے کے لیے سہولت فراہم کرنے کی غرض سے لاگ اِن کی سہولت اجلاس کے مقررہ وقت سے 30 منٹ قبل فعال کر دی جائے گی۔ حصص یافتگان مطلوبہ شناخت اور تصدیق کے تمام مراحل مکمل کرنے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے لاگ اِن کر کے اجلاس کی کارروائی میں شرکت کر سکیں گے۔

ج) حصص یافتگان سالانہ عمومی اجلاس کے ایجنڈے میں شامل امور سے متعلق اپنے تبصرے اور تجاویز اجلاس سے کم از کم دو کاروباری دن قبل درج ذیل ای میل پتے پر ارسال کر سکتے ہیں: info@escortsbank.net

اس مقصد کے لیے حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنا مکمل نام، قومی شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر ضرور درج کریں۔

اطلاع برائے سالانہ اجلاسِ عام

7۔کمپنیز ایکٹ، 2017ء کی دفعہ 72 کے تقاضوں کی تعمیل میں، ہر موجودہ فہرست شدہ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنے طبعی حصص کو کتابی اندراج (Book Entry) کی صورت میں تبدیل کرے، جیسا کہ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے مقرر کیا جائے گا۔ یہ عمل کمپنیز ایکٹ کے نفاذ، یعنی 30 مئی 2017ء سے زیادہ سے زیادہ چار سال کی مدت کے اندر مکمل کیا جانا تھا۔جن اراکین کے پاس طبعی حصص کے سرٹیفکیٹس موجود ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے حصص کو جلد از جلد طبعی شکل سے کتابی اندراج کی شکل میں تبدیل کرائیں۔اس تبدیلی سے اراکین کو متعدد فوائد حاصل ہوں گے، جن میں حصص کی محفوظ تحویل، حصص کے ضائع ہونے سے تحفظ، ڈپلیکیٹ حصص جاری کروانے سے متعلق ضروری کارروائیوں سے بچاؤ، اور کھلی مارکیٹ میں بہتر نرخوں پر حصص کی خرید و فروخت کے لیے آسان اور فوری دستیابی شامل ہیں۔

8۔کمپنی نے 30 جون 2026ء کو ختم ہونے والے مالی سال کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، ان کے ساتھ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور اجلاس کا نوٹس اپنی ویب سائٹ پر فراہم کر دیے ہیں: www.escortsbank.net